
**آؤ، ناپیں :** شاہد کو اپنے کمرے میں پڑھائی کے لیے ایک میز کی ضرورت تھی۔ جس دیوار کے قریب میز رکھنی تھی اس دیوار کی لمبائی شاہد نے چھوٹی لکڑی سے ناپی۔ اس دیوار کی لمبائی ۴ لکڑی اور تھوڑی زیادہ تھی۔



اس ناپ کے اندر بیٹھنے والی میز لینے کے لیے شاہد دکان پر پہنچا۔ اس نے وہاں کئی میزیں دیکھیں۔ جگہ ناپنے کی اسی لکڑی سے اس نے میزوں کو ناپا۔ تصویر کی مدد سے طے کرو کہ شاہد کون سی میز لے گا۔ شاہد کی لی ہوئی میز کے نیچے کے چوکون میں رنگ بھرو۔





| ۲ لکڑی | ۳ لکڑی | ۴ لکڑی | ۵ لکڑی |
|---|---|---|---|
| ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |

شاہد نے ۵ لکڑی لمبائی والی میز کیوں نہیں لی۔



رضیہ کو اپنی جماعت کے دروازے اور اسکول کے پھاٹک پر پھولوں کے ہار لگانا ہے۔اس کے لیے اس نے دھاگے کی مدد سے جماعت کے دروازے کی چوڑائی اور پھاٹک کی لمبائی ناپی۔ ہر ہار کے لیے اس نے دو بالشت زیادہ ہی دھاگا کاٹ لیا۔ اس نے دو بالشت دھاگا زیادہ کیوں لیا ہوگا؟



**آؤ، کرکے دیکھیں :** • تم کو اپنی جماعت اور اسکول کے پھاٹک کے لیے ہار تیار کرنے کے لیے کتنا لمبا دھاگا لگے گا؟

- کسی گھر کا تعمیری کام جاری ہو ایسے مقام پر اپنے اساتذہ یا سرپرستوں کی مدد سے جا کر لمبائی کس طرح ناپی جاتی ہے، اس کا مشاہدہ کرو۔
- کسی ایسے مقام پر جاؤ جہاں گھر کی تعمیر کا کام جاری ہو۔ اپنے استاد یا سرپرست کی مدد سے مشاہدہ کرو کہ لمبائی کس سے اور کس طرح ناپی جاتی ہے۔

F25JLU